من اعطی عطاءً فوجد فلیجز بہ ومن لم یجد فلیثن فان من اثنی فقد شکر ومن کتم فقد کفر ۔

(مشکوٰۃ ص ۲۵۳)

کچھ دیا اور اسکے پاس کچھ نہو تو اسکی تعریف کرے "جسنے تعریف کی وہ شکرگذار ہوا۔ جسنے اسکے احسان کو چھپایا یعنی قدر دان نہوا وہ کافر (ناشکرگذار) بنا"

من لا یشکر الناس لا یشکر اللہ

(مشکوٰۃ ص ۲۶۳)

اور آپ نے فرمایا ہے ۔ جو لوگوں کا شکر نہیں کرتا وہ خدا کا بھی شکرگذار نہیں ہوتا ۔

# ملکہ معظمہ کیطرف سے اہلحدیث کو خطاب

اس مضمون کو ذیل میں ہم اس مژدہ کے سنانے سے بھی رہ نہیں سکتے کہ ہماری مہربان ملکہ معظمہ انگلینڈ و قیصر ہند نے اہلحدیث کی ایڈرس موسومہ جوبلی کو کمال مسرت کے ساتھ قبول فرمایا ہے اور ازراہ عنایت خسروانہ گروہ اہلحدیث کا شکریہ ادا کیا۔ اور شکریہ میں اس گروہ کو اسی اہلحدیث خطاب اہلحدیث سے مخاطب کیا گیا ہے جو ان کمال امتیاز و اعزاز کا موجب ہے۔ اس اعزاز شاہانہ و اکرام خسروانہ ملکہ معظمہ قیصر ہند پر اہلحدیث ہند کمال ادب و انکسار کے ساتھ اپنی مہربان ایمپریس کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اونکی درازی عمر و ترقی توفیق و اقبال کے لئے دست بدعا ہیں ۔

ذیل میں اون چٹھیات سکریٹری گورنمنٹ ہند اور ڈپٹی کمشنر لاہور کا ترجمہ نقل کیا جاتا ہے جنکے ذریعہ سے قیصر ہند کے خطاب کا اعزاز اہلحدیث کو حاصل ہوا ہے

از طرف — ڈبلیو۔ او ۔ کلارک صاحب ڈپٹی کمشنر لاہور

بنام — اہلحدیث پنجاب

نمبر ۲۹۹۶ — ۲۔ جولائی ۱۸۸۸ء مقام لاہور

صاحبان شرفا ! بموجب اُن ہدایات کے جو صاحب کمشنر و سپرنٹنڈنٹ قسمت لاہور سے انکی

چٹھی نمبری ۳۲۰ مورخہ ۳۰ ماہ گذشتہ مین موصول ہوئی تہین اصل چٹھی نمبری ۱۴۶۷ مورخہ ۱۱ جون ۱۸۹۷ء منجانب انڈر سکرٹری گورنمنٹ ہند (ہوم ڈیپارٹمنٹ) آپ صاحبان کے ارسال کرتا ہون۔ اسمین ہز مجسٹی ملکہ معظمہ قیصر ہند کی قبولیت اوس ایڈریس کی شامل ہے جو آپ صاحبان نے ہز مجسٹی کے جوبلی کے موقعہ پر پیش کیا تہا۔ اور اسکی رسید کی درخواست کرتا ہون۔

مین ہون آپکا [illegible]
ڈبلیو۔ او۔ کلارک
ڈپٹی کمشنر

## نمبر ۱۴۶۷ ہوم ڈیپارٹمنٹ (پبلک)

از طرف جے۔ پی۔ ہیوٹ صاحب۔ انڈر سکرٹری گورنمنٹ ہند
بنام ممبران اہل حدیث پنجاب
مقام شملہ ۱۱ جون ۱۸۹۷ء

صاحبان شرفا۔ مجھے یہہ کہنے کی ہدایت ہوئی ہے کہ صاحب سکرٹری اف سٹیٹ فار انڈیا نے اطلاع دی ہے کہ ہز مجسٹی ملکہ معظمہ قیصر ہند نے بالطاف خسروانہ اوس ایڈریس وغیرہ کو قبول فرمایا ہے جو آپ صاحبان نے ہز مجسٹی کی خدمت مین جوبلی کے موقعہ پر پیش کیا تہا اور ارشاد فرمایا ہے کہ ہز مجسٹی کا خاص شکریہ آپ لوگون کو اس خیرخواہانہ نذرانہ کے لئے پہونچایا جائے۔

مجھے اے صاحبان آپکا نہایت فرمانبردار ملازم ہونیکی عزت حاصل ہے
جے۔ پی۔ ہیوٹ
انڈر سکرٹری گورنمنٹ ہند